ہمارا اولین مقصد:

- نوعمر اور نوجوان خواتین کو آئیوڈین کی اہمیت سے آگاہ کرنے کے مؤثر طریقے تلاش کرنا، آئیوڈین کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرنا ، اوران کے جسموں کے لیے ضروری آئیوڈین کی مقدار کو بہتر بنانا
- یورپ اور دوسرےممالک بشمول پاکستان میں آئیوڈین کی کمی کو ختم کرنے کے لیے ضروری اقدامات کرنا

ہمارے اہداف:

- صحت کے لیے آئیوڈین کی اہمیت اور آئیوڈین کی کمی سے منسلک بیماریوں کے بڑھتے ہوئے خطرات کے بارے میں آگاہی بڑھانا۔
- نوجوانوں کی صحت، ان کی آئیوڈین کے استعمال کی عادات اور ان کی آنے والی نسلوں کی صحت پر مثبت اثر ات ڈالنا۔

پروجیکٹ کا حصہ بنیں!
EUthyroid 2 آئیں ہمارے ساتھ

پروجیکٹ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہماری ویب سائٹ اور نیچے دی گئی کیو آر کوڈ کلک کریں:

https://euthyroid2.eu

بلاجھجھک رابطہ کریں:

EUthyroid2@qub.ac.uk
0092 333 2602168

Photo credits:
© shutterstock.com/Tatjana Baibakova (iodine sources)
© iStock.com/credit: fizkes (two women)

آئیں ہمارے سا تھ EUthyroid 2 پروجیکٹ کا حصہ بنیں !

EUthyroid2

- آپ کو پروجیکٹ میں شمولیت کے لیے تمام ضروری مواد مہیا کیا جائے گا۔
- پروجیکٹ آپ کے شیڈول کے مطابق ترتیب دیا جائے گا۔

UK Research and Innovation
Co-funded by the European Union

ہماری پہچان:

EUthyroid2 پروجیکٹ میں محققین، طبی ماہرین، اور رضاکار تنظیمیں مل کر کام کر رہی ہیں تاکہ نوعمر اور نوجوان خواتین میں آئیوڈین کی اہمیت اور آئیوڈین کی کمی کے خطرات کے بارے میں آگاہی بڑھائی جا سکے۔

اس مقصد کے لیے، EUthyroid2 کی تحقیقاتی ٹیم نے ہیلتھ کئیر اور ایجوکیشنل سیٹنگ کے لیے **انٹروینشنز** تیار کی ہیں۔

ہم آپ کو ہیلتھ کئیر سیٹنگ کے لیے تیار شدہ انٹروینشن میں شامل ہونے کی دعوت دیتے ہیں جو کہ نوجوان خواتین (18-24 سال) کو آئیوڈین کی اہمیت کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

اس پروجیکٹ میں شرکت کے لیے کون اہل ہے ؟

ہیلتھ کئیر سیٹنگ انٹروینشن (intervention) چار یورپی ممالک (انگلینڈ، شمالی آئرلینڈ، ناروے، اور پولینڈ) اور دو غیر یورپی ممالک (بنگلہ دیش اور پاکستان) میں کی جائے گی ۔



ہیلتھ کئیر سیٹنگ میں ہم آپ سے کیا چاہتے ہیں ؟

اگر آپ ہیلتھ کئیر سیٹنگ میں حصہ لینے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو ہم آپ کے شیڈول کے مطابق انٹرونشن کو ترتیب دیں گے اورآپ کو اضافی کوشش کی ضرورت نہیں ہوگی۔ ہم آپ کو تمام ضروری معلومات فراہم کریں گے۔ آپ کو ایک کنٹرول گروپ یا انٹروینشن گروپ میں شامل کیا جائے گا۔

انٹروینشن گروپ کے ذمہ کیا کام ہو گا ؟

انٹروینشن گروپ ، صحت کے شعبے سے منسلک افراد کو آئیوڈین کی اہمیت کے بارے میں معلومات فراہم کرنے اور نوجوان خواتین کو تعلیم دینے کے لیے تربیت دی جائے گی۔

یہ معلوم کرنے کے لیے کہ آیا انٹروینشن مؤثر رہی، صحت کے شعبے سے منسلک افراد اور خواتین سے آئیوڈین کے بارے میں آگاہی اور انٹروینشن کے تجربات پر سروے کیا جائے گا۔

کنٹرول گروپ کے ذمہ کیاکام ہو گا ؟

کنٹرول گروپ کا بھی سروے کیا جائے گا اور تمام سروے مکمل ہونے کے بعد انٹرونشن مواد تک رسائی حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔

مطالعہ میں حصہ لینے کے فوائد:

اگرآپ ہیلتھ کئیر سیٹنگ میں حصہ لینے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ کو حصہ لینے کے لیے کوئی اضافی تگ ودو کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی کیونکہ آپ کو تمام ضروری معلومات اور مواد فراہم کیا جائے گا۔

آپ کے وقت اور عزم کی قدر کرتے ہوئے، ہم بخوشی 10,000 پاکستانی روپے کی پیشکش کرتے ہیں۔

منتظم برائےپاکستان (ریجنل منیجمنٹ) رحمان محمود خٹک
ڈیپارٹمنٹ آف زوآلوجی اسلامیہ کالج پشاور
rehman.mehmood@icp.edu.pk
0092 333 2602168
منتظم برائےشرکت کنندہ (پارٹیسپینٹ نیجمنٹ) عائشہ امتیاز ڈیپارٹمنٹ آف زوآلوجی اسلامیہ کالج پشاور

نوجوان خواتین میں آئیوڈین کی اہمیت کے بارے میں آگاہی بڑھانے اور ان کے جسموں کے لیے ضروری آئیوڈین کی مقدار کو بہتر بنانے کے عمل کا حصہ بنیں، تاکہ ان کی اپنی صحت اور ان کے بچوں کی صحت پر مثبت اثرات مرتب ہو سکیں ۔